240 ـ جادو اور شيطانى اثر

سوال

ميرا بھائى سفر سے واپس آنے كے بعد عجيب قسم كى باتيں كرنے لگا ہے اور وہ بعض غيب كى باتيں بتانے لگا ہے (يعنى كاہنوں جيسى باتيں كرنے لگا ہے) اور وہ كسى سے بات تک نہيں كرتا اور اس نے گھر سے باہر دو سال كى مدت گزارى ہے معاملہ يہاں تک جا پہنچا ہے كہ وہ اپنى والدہ پر تھوكنا شروع ہوگيا ہے. ہمارا اعتقاد تھا كہ وہ نفسياتى مريض ہے ہم اسے ڈاكٹر كے پاس ليكر گئے ليكن كوئى بيمارى نہ نكل سكى تو اب ہمارا گمان ہے كہ اسے جادو يا پھر جن كا اثر ہے تو ہميں اس كا كيسے پتہ چلے گا اور اس سے چھٹكارا پانے كا كيا طريقہ ہے؟ اس سبب سے والدہ بھى مريضہ ہو گئيں ہيں.

پسنديده جواب

الحمد للہ.

جادو اور جن چمٹنےميں فرق كرنے كےلئے بعض تجربہ كار لوگوں نے علامات ذكر كى ہيں انہيں ذيل ميں ذكر كيا جاتا ہے.

شيطانى اثر يا جن چمٹنے كى علامات

1 ـ قرآن اور اذان سننے سے اعراض اور شديد نفرت.

2 ـ جب اس پر (قرآن) پڑھا جائے تو اس پر بے ہوشى اور تشنج طارى ہونا اور گرنا اور مرگى كے دورے پڑنا

1- كثرت سے ڈراونے خواب ديكھنا.

2- تنہائى پن اور اكيلے رہنا اور عجيب وغريب حركات كرنا.

3- بعض اوقات قرآت كے وقت اس شيطان كا بولنا جو اس سے چمٹا ہوا ہے.

4- پاگل پن كا شكار ہونا.

جيسا كا ارشاد بارى تعالى ہے.

"وہ لوگ جو سود خور ہیں کھڑے ہونگے مگر اسی طرح جس طرح کہ وہ کھڑا ہوتا ہے جسے شیطان چمٹ کر خبطی بنادے"

اور رہی جادو کی علامات تو اس سے مندرجہ ذیل عارضے لاحق ہوتے ہیں۔

1- جس پر جادو کیا گیا ہے وہ اپنی بیوی کو یا بیوی اپنے خاوند کو ناپسند کرنا شروع کردے ۔

2- جیسا ارشاد باری تعالی ہے۔

"پھر لوگ ان سے وہ سیکھتے جس سے خاوند اور بیوی کے درمیان تفرقہ ڈال دے"

3- اس کی گھر سے باہر اور گھر میں اور حالت ہو اور یہ حالت مکمل طور مختلف ہو گھر سے باہر تو وہ اپنے اہل وعیال کا شوق رکھے لیکن جب گھر میں داخل ہو تو انہیں ناپسند کرنا شروع کردے۔

4- اپنی بیوی کے ساتھ مجامعت کی طاقت نہ رکھے۔

5- حاملہ عورت کے حمل کو بار بار ساقط کرنے کے درپے رہے۔

6- کسی ظاہری سبب کے بغیر اچانک تصرفات میں تبدیلی۔

7- کلی طور پر کھانے کی طلب نہ رہے۔

8- وہ یہ سمجھے کہ اس نے کوئی کام کیا ہے حالانکہ کوئی کام نہیں کیا۔

9- کسی معین اور خاص شخص سے اچانک اور اندھی اور حد سے بڑھی ہرئی محبت کا شکار ہونا۔

یہاں پر ایک چیز سے متنبہ رہنا چاہئے کہ ابھی جو چیزیں ذکر کی گئیں ہیں ان میں سے اگر کوئی ایک کسی شخص میں پائی جائے تو اسکا یہ مطلب نہیں کہ اسے جادو یا شیطانی اثر ہے۔ بلکہ بعض اوقات ہوسکتا ہے کہ اسے نفسیاتی اور یا پھر عضلاتی طور پر لاحق ہو۔

علاج:

1- سچے دل سے اللہ کی طرف رجوع اور اس پر توکل اور بھروسہ۔

2- شرعی دم اور شرعی تعویذ کرنا۔

اوران میں سب سے اہم چیز معوذتان سورہ فلق اور الناس یہ وہ ہیں جس کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا علاج کیا گیا تو جسے ان کا اور اسکے ساتھ سورت اخلاص قل ہو اللہ احد اور سورہ فاتحہ ملا کر دم کیا جائے تو ایک کامیاب دم ہے۔ اور اس جیسا کوئی دم نہیں۔

اور جادو کے علاج میں یہ بھی ممکن ہے کہ بیری کے سات سبز پتے لیکر کوٹنے کے بعد اسے برتن میں رکھیں اور ان پر اتنا پانی ڈالیں جو غسل کے لئے کافی ہو اس میں آیۃ الکرسی اور سورہ الکافرون اور اخلاص اور الفلق اور الناس اور جادو والی آیات (جن میں جادو کا ذکر ہے) پڑھے جو کہ سورہ البقرہ آیت 102 ۔اور الاعراف 117 ۔ 119اور سورہ یونس آیت 79۔ 82 اور سورہ طہ آیت 65-69

اور اس پانی کو پئے اور باقی سے غسل کرے اور اس کا بعض سلف نے تجربہ بھی کیا ہے جو کہ نفع مند ہے۔

3- جادو کو نکال کر اسے ضائع کرنا یعنی جس چیز پر جادو کیا گیا ہے اسے نکال کر ضائع کردینا۔ جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لبید بن اعصم یہودی کے جادو کے ساتھ کیا تھا۔

4- ان دواؤں کا استعمال کرنا جوکہ جائز ہیں مثلا صبح نہار منہ سات برنی کھجوریں کھانی (مدینہ کی کھجور ہے) اور اگر یہ نہ ملیں تو کوئی بھی کھجور کھائی جاسکتی ہے۔

5- سنگی (پچھنے) لگوانا

6- اللہ تعالی سے دعا کرنا

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ آپ کے بھائی کو شفایابی سے نوازے اور اسکی اور آپ لوگوں کی تکلیف کو رفع کرے اور وہی شفاء دینے والا ہے اسکے علاوہ کوئی شفاء نہیں دے سکتا۔

واللہ اعلم .